Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم۔

نمبر مطبوعہ دو شنبہ تاریخ ۱۴ رمضان المبارک ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۹ دسمبر ۱۹۳۴ء جلد

حصۂ دوم

احکام منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

۱	احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر	۲و۳	۵	نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ	۷و۸
۲	حکم اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۴	۹	متفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر	۹
۳	حکم اجلاس صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر	؍؍		—٭—	
۴	احکام اجلاس صاحب ہوم منسٹر بہادر	۵		نقشہ زرخانہ اجناس۔	۱۰
۵	احکام اجلاس صاحب چیف جسٹس بہادر	۔			

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار

۲۳-دسمبر ۱۹۳۲ء

ایمائے ہمایوں ہے کہ تا صدور حکم ثانی صاحب چیف منسٹر بہادر صیغہ فائننس کا کام بھی انجام دیں لہذا

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

رخصت

۲۲ر دسمبر ۱۹۳۲ء

حسب سفارش صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر مسٹر عبد اللہ بٹ کو ۵ ہر دسمبر سے ۹ ہر دسمبر ۱۹۳۲ء تک ایام تعطیلات میں باہر جانے کی اجازت اور ۳۰ر دسمبر ۱۹۳۲ء سے ۱۴ر جنوری ۱۹۳۵ء تک سولہ یوم کی رخصت بوضع تنخواہ منظور کی جاتی ہے۔ سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام باہد منظوری اسٹیٹ کونسل میں پیش ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر (صدر کونسل)

برخاستگی

۲۷ر دسمبر ۱۹۳۲ء

حکم

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور ایک نقل خاص طور سے بغرض اطلاع و کارروائی ضروری جناب فائننس سکریٹری بہادر کے خدمت میں بھیجی جائے

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

بخدمت شریف جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

جناب من۔

لیشور نا انچارج موٹر گراج نے باوجود حکم ممانعت کار ہائے خاصہ کو اپنی سواری میں استعمال کیا۔ اور لیسٹر انچارج ورکشاپ نے مرمت کے سلسلے میں سرکاری موٹریں خراب کیں۔ اسپر اعلیٰحضرت بندگانحضور پر نور دام اقبالہم وملکم نے اظہار ناخوشی فرمایا ہے اور ایمائے ہمایوں ہے کہ ہر دو نابردہ گان کو ملازمت سے سبکدوش کردیا جائے تاریخ امروزہ سے انکی خدمات کی ضرورت نہیں ہے۔ لہذا از راہ کرم تکمیل اجرائے احکام ضابطہ فرمائی جائے لیشور نا کے ذمہ کچھ سرکاری رقم بھی نکلتی ہے جو بسلسلہ پیشگی تنخواہ دی گئی تھی۔ بہنگام حساب تنخواہ سے وضع ہو سکتا ہے۔

نیاز مند

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

برخاستگی

۲۷ر دسمبر ۱۹۳۲ء

حکم

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

بخدمت شریف جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

جناب من۔

خلیل الرحمن خاں سپرنٹنڈنٹ موٹر گراج نے تاحال کوئی رپورٹ اپنی اجلاس بالا کو اس امر کی نہیں بھیجی کہ مسٹر لیٹونر انچارج موٹر گراج کارہائے خاصہ کو اپنی سواری میں استعمال کرتے ہیں۔ حالانکہ اون کو بخوبی علم تھا کہ موٹر کارہائے خاصہ کو استعمال کرنے کا بلا حکم خاص کوئی شخص مجاز نہیں ہے لہذا اس قصور کی پاداش میں ایماء ہمایوں ہے کہ خلیل الرحمن خاں سپرنٹنڈنٹ موٹر گراج کو خدمات سے سبکدوش کیا جائے۔ براہ کرم حسب قاعدہ کارروائی اجرائے احکام مناسبہ فرمائی جائے۔

نیازمند

۲۴ر دسمبر ۱۹۳۲ء دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

تقرری

واقع ۱۶ دسمبر ۱۹۳۲ء

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب بلاسپور باطلاع علحدہ کردے بجائے عبدالحمید خاں ازسرنو کی۔ و تقرر نامبردہ بر حلقہ مستوش بجائے شرف الدین خاں ضعدار۔

حکم

عبدالحمید خاں کا تقرر حلقہ مستوش پر کردیا جائے۔ منیجر اکاؤنٹنٹ تنخواہ کے متعلق بجٹ پیش کریں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

آج زبانی بھی ریونیو منسٹر صاحب بہادر نے عرضی گذار کی تقرری حلقہ مستوش کیلئے ہدایت فرمائی ہے لہذا احکام تقرری عرضی گذار بعہدہ ضعداری حلقہ مستوش جاری ہوں۔ تنخواہ کے متعلق منیجر اکاؤنٹنٹ حسب منشاء حکم اجلاس اعلےٰ رپورٹ پیش کریں۔

۲۳ دسمبر ۱۹۳۲ء

دستخط ناظم صاحب حلقہ شمالی

حکم اجلاس صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

برخاستگی

واقع ۲۷ دسمبر ۱۹۳۲ء

محمد اسمعیل خاں منصرم باورچیخانہ جات مہمانداری ذی شان جناب نواب ولیعہد صاحب بہادر کے طعام وغیرہ کے انتظام میں غفلت کی اس قصور میں نامبردہ کو تاریخ امروزہ سے برخاست کیا جاتا ہے تا انتظام ثانی صاحب کنٹرولر بہادر ہاؤس ہولڈ باورچیخانہ کے کام کا عارضی انتظام فرمادینگے تاکہ کار سرکار میں حرج واقع ہو۔ منصرم کی تنخواہ تیس روپیہ ہے۔

حکم ہے کہ

سررشتہ صدارت سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

احکام اجلاس صاحب ہوم ممبر بہادر

رخصت

واقعہ ۲۴ دسمبر سنہ ۱۹۳۳ء

مثبتہ عرضی صادقہ بی بی معلمہ گرلس اسکول
تنخواہ دار پچیس روپیہ ماہوار بابتہ عطائے رخصت
رعایتی از ۱۸ دسمبر سنہ ۱۹۳۳ء مصدقہ ہیڈ مسٹرس صاحبہ
خورشید گرلس اسکول بابتہ منظوری رخصت
رعایتی ایک ماہ بوضع نصف تنخواہ مع تصدیق
اکاونٹنٹ آفس۔

حکم

حسب رپورٹ ہیڈ مسٹرس صاحبہ وتصدیق استحقاق
سررشتہ اکاونٹنٹ جنرل صادقہ بی بی معلمہ
گرلس اسکول تنخواہ دار پچیس روپیہ ماہوار کو بضرورت
روانگی لکھنؤ ایک ماہ کی رخصت رعایتی بوضع نصف تنخواہ
یوم استفادہ سے دیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے
احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہوم ممبر بہادر

رخصت

واقعہ ۲۴ دسمبر سنہ ۳۳ء

مثبتہ عرضی محمد حسن رضا خاں نائب مدرس تحصیلی
بلاسپور طالب رخصت رعایتی مزید دو یوم ۱۸ و ۱۹ دسمبر
سنہ ۳۳ء بوجہ علالت بسلسلہ رخصت سابقہ مصدقہ
انسپکٹر صاحب مدارس بابتہ منظوری رخصت تین یوم
بشمول تعطیل جمعہ ۱۸ دسمبر سنہ ۳۳ء بوضع نصف تنخواہ
مع تحریر سررشتہ اکاونٹنٹ جنرل بابتہ استحقاق رخصت

حکم

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس وتصدیق سررشتہ
اکاونٹنٹ جنرل بسلسلہ رخصت سابقہ محمد حسن رضا خاں نائب
مدرس تنخواہ دار گیارہ روپیہ ماہوار کی رخصت رعایتی مزید
تین یوم بوضع نصف تنخواہ منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام
ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہوم ممبر بہادر

احکام اجلاس صاحب چیف جسٹس بہادر

روبکار:- واقع ۲۳ دسمبر ۱۹۳۳ء

ہم کو معلوم ہوا ہے کہ رجسٹری صدر و سب رجسٹری متعلقات میں دستاویزات تاریخ رجسٹری سے عرصہ کے بعد گیرندگان دستاویزات کو بعد اندراج رجسٹر واپس کیجاتی ہیں جو کہ باعث شکایات گیرندگان ہوتا ہے۔ آئندہ کے لئے حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

(۱) ہر دستاویز رجسٹری کے روز ہی بعد نقل فوراً واپس ہونا چاہئے۔ اور اگر کثرت دستاویزات کی وجہ سے ایسا نہ ہوسکتا ہو تو دوسرے روز واپس کر دیجائے۔

(۲) اگر کسی وجہ سے واپس کرنے میں دستاویزات کے دو دن سے زائد تاخیر واقع ہو تو اسکی اطلاع مع وجہ تاخیر رجسٹرار صدر کو کیجائے اور ایسی تاخیر میں ایام تعطیلات شمار نہ ہوں گے۔

(۳) اگر ایک ہفتہ سے زائد علاوہ تعطیلات تاخیر واقع ہو تو اسکی اطلاع مع وجہ تاخیر بذریعہ رجسٹرار صدر کے ہمارے اجلاس میں بھیجی جائے۔

(۴) آئندہ ہر انگریزی مہینہ کی پانچ تاریخ تک رجسٹری صدر و جملہ سب رجسٹری ہائے سے رپورٹ آنی چاہئے کہ تاریخ رجسٹری سے ایک مہینہ سے زائد (علاوہ تعطیلات) کتنی دستاویزات ابھی واپس نہیں کی گئیں۔ اور نیز کہ کتنی دستاویزات ہنوز رجسٹری کے لئے آچکی ہیں جو رجسٹر نہیں کی گئیں اگر ایسی کوئی دستاویز باقی نہ ہوں تو رپورٹ بھیجنے کی ضرورت نہیں۔

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا کی جملہ رجسٹری ہائے و رجسٹری صدر میں بغرض تعمیل بھیجی جائے اور تعمیل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

اعلان

ریاست رامپور کی جوڈیشل سروس کے لئے یہ انتظام کیا گیا ہے کہ حتی المقدور آئندہ جوڈیشل افسران کا تقرر ریاست کے باشندگان میں سے کیا جائے چنانچہ اس پالیسی کو عمل جامہ پہنانے کیلئے یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ جو باشندگان رامپور بی۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی ہوں اور ریاست میں جوڈیشل سروس حاصل کرنا چاہیں انکو اپنی درخواستیں مع نقول سارٹیفکیٹ ۱۴ جنوری ۱۹۳۴ء تک ہمارے دفتر میں بھیجدینا چاہئے۔ انمیں سے منتخب شدہ امیدواراں کو عدالتوں میں ٹریننگ دیئے جانے کا انتظام کیا جائیگا اور جگہ خالی ہونے پر انکو ترجیح دیجائیگی۔ زمانہ ٹریننگ میں کچھ الاؤنس بھی دیا جائیگا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا کی درج گزٹ کیجائے۔ اور ایک نقل پبلسٹی افسر صاحب کی خدمت میں بھیجی جائے کہ وہ روبکار ہذا کو بصورت نوٹس اخبارات میں شائع کرادیں تاکہ باشندگان رامپور جو بیرون رامپور باہر کام کر رہے ہیں مطلع ہو جائیں۔

۲۳ دسمبر ۱۹۳۳ء — دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

عدالت العالیہ ہائی کورٹ

باجلاس مسٹر سردار میر مقبول محمود صاحب بہادر چیف جسٹس

فہرست پیشی مقدمات جنکی پیشی عدالت العالیہ ہائی کورٹ میں من ابتداء ۲۱ دسمبر ۱۹۳۴ء لغایت ۲۷ دسمبر ۱۹۳۴ء ہوئی منسلکہ برائے طبع مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔ واقع ۲۴ دسمبر ۱۹۳۴ء۔ دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۲۱ دسمبر	جمعہ	•	•	•	تعطیل
۲۲ دسمبر ۱۹۳۴ء	شنبہ	جناب چیف جسٹس صاحب بہادر	سردار ولی خان بنام خیراتی وغیرہ	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۹۰ ت	آج پیش ہوکر برائے ساعت ۱۰ جنوری ۱۹۳۵ء مقرر ہوئی
″	″	″	صاحبزادہ محمد اسد اللہ خان وغیرہ بنام عبد المغنی خان	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۲۳ ت	آج پیش ہوکر برائے ساعت ۱۲ جنوری ۱۹۳۵ء مقرر ہوئی
″	″	″	برج موہن لال وغیرہ بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری نسبت ضمانت و نامنظوری درخواست ضمانت	آج پیش ہوکر برائے ساعت ۵ جنوری ۱۹۳۵ء مقرر ہوئی
″	″	مسٹر جسٹس محمود شاہ خانصاحب بہادر	ٹھولال بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۰۴ ت	۱۳ جنوری ۱۹۳۵ء مقرر ہوئی
″	″	″	فدا حسین بنام نیاز حسین وغیرہ	اپیل دیوانی دعوے تخلیہ کوٹھری	برائے ساعت ۳۱ دسمبر سنہ حال مقرر ہوئی
۲۳ دسمبر ۱۹۳۴ء	یکشنبہ	جناب چیف جسٹس صاحب بہادر	لالہ منی لال بنام بابو رام وغیرہ	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۴۰۸ ت	آج پیش ہوکر برائے ساعت ۲۰ جنوری ۱۹۳۵ء مقرر ہوئی
″	″	جناب چیف جسٹس صاحب بہادر و مسٹر جسٹس محمود شاہ خانصاحب بہادر	رائی کنور بنام موہن لال	اپیل دیوانی دعوے دخلیابی حقیت	برائے ساعت ۱۰ جنوری ۱۹۳۵ء مقرر ہوئی
″	″	مسٹر جسٹس محمود شاہ خانصاحب بہادر	کنج بہاری لال بنام لچھمن پرشاد وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوا مالیتی (۱۶) برائے شراکت ہبہ	برائے وضع تنقیح ۹ جنوری ۱۹۳۵ء مقرر ہوئی
۲۴ دسمبر ۱۹۳۴ء	دوشنبہ	″	علی حسین وغیرہ بنام غوث محمد	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۲۳ ت	۲ جنوری ۱۹۳۵ء برائے ساعت مقرر ہوئی

۲۶ر دسمبر ۱۹۳۲ء	دوشنبہ	جناب چیف جسٹس صاحب بہادر و مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	مساۃ موتی ـ بنام مساۃ نظیرا وغیرہ	اپیل دیوانی دعوے تقسیم مکان	۹ر جنوری ۱۹۳۳ء کو برائے سماعت مقرر ہوئی
ایضاً	ایضاً	جناب چیف جسٹس صاحب بہادر	کشن لال بنام گوپی ناتھ وغیرہ	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۵۰۴ ت باستدعائے ازدیاد سزا	نگرانی نامنظور ہوئی
ایضاً	ایضاً	ایضاً	اشتیاق علی وغیرہ بنام کشن لال	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۵۰۶ ت	بمنظوری نگرانی تجویز عدالت ماتحت میں ترمیم کی گئی

۲۵ر دسمبر ۱۹۳۲ء سہ شنبہ ـ ۲۶ر دسمبر ۱۹۳۲ء چہارشنبہ تعطیل یوم کلاں

۲۷ر دسمبر ۱۹۳۲ء پنجشنبہ تعطیل شہادت حضرت سیدنا امیرالمومنین علیہ السلام

حکم اجلاس صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

رخصت

واقع ۱۷ر دسمبر ۱۹۳۲ء

مثبتہ عرائض رخصت راحت علیخاں ہیڈ اپرنٹس فائنانس آفس مشاہرہ دار پندرہ روپیہ بوجہ علالت خود مع تحریرات اکاونٹنٹ جنرل مشعر منظوری رخصت تیرہ یوم بوضع تنخواہ بشمول رخصت محصلہ اتفاقیہ چھ یوم بوجہ عدم استحقاق رخصت رعایتی

حکم

یکم دسمبر سے ۱۳ر دسمبر تک رخصت بلا تنخواہ منظور کیجاتی ہے ناظر اجلاس نقشہ رخصت شامل کر دیں۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

حکم دفتر ڈپٹی سکریٹری صاحب سیکشن ۲

رخصت

واقع ۲۲ر دسمبر ۳۲ء

مثبتہ درخواست محمد احمد خاں محرر محافظ خانہ فوجداری دربارہ عطائے رخصت ایکماہ رعایتی از یوم استفادہ مشاہرہ دار [illegible] ماہوار بغرض ضرورت کار نجی مصدقہ محافظ دفتر صاحب سیکشن ۲ و جناب اکاونٹنٹ جنرل صاحب

حکم

درخواست محمد احمد خاں محرر محافظ خانہ فوجداری بابتہ عطائے رخصت ایکماہ رعایتی از یوم استفادہ پیش ہوئی حسب تصدیق جناب اکاونٹنٹ جنرل صاحب رخصت رعایتی ایک ماہ از یوم استفادہ منظور کیجاتی ہے۔ ایام رخصت میں محمد احمد خاں کے کام کے ذمہ دار منظر حسین خاں معاون ہونگے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط ڈپٹی سکریٹری صاحب سیکشن ۲

احکام اجلاس ناظم صاحب حلقہ شمالی

جرمانہ

واقع ۱۵ دسمبر ۱۹۳۳ء

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب سوار۔ در بارہ اطلاع عدم تکمیل نقشہ جات وصول باقی ہفت روزہ ضلعداران مندرجہ تحت۔

ضلعدار دھنوری حلقہ ۱ا۔ ضلعدار ٹھنگیا حلقہ ۱ا
ضلعدار رائے پور حلقہ ۸۔ ضلعدار سیواڑہ حلقہ ۲
ضلعدار میروا سپور حلقہ ۱۲ و ۱۴۔ ضلعدار حلقہ ٹپی کلاں ۱
ضلعدار اگلگا حلقہ ۱۔ ضلعدار بمیر پور دغیرہ حلقہ ۱۳ و ۱۴
ضلعدار جہانگیر پور دغیرہ حلقہ ۹۔

حکم

رپورٹ ملاحظہ ہوئی جن اشخاص ضلعداران نے غلط نقشہ مرتب کئے ہیں اور وہ شامل رپورٹ ہذا ہیں ان پر حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب فی کس چار چار آنہ جرمانہ کیا جاتا ہے۔ احکام جاری ہوں۔ ان نقشہ جات پر نشان سرخ جو پارہ بنا دیا گیا ہے۔

دستخط ناظم صاحب حلقہ شمالی

رخصت

واقع ۲۲ دسمبر ۱۹۳۳ء

مثبتہ تحریر اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب در بین خلاصہ کہ راج بہادر محرر سہ ماہہ کو تحصیل رامپور شاہرہ یاب پندرہ روپیہ نے رخصت اتفاقیہ سات یوم از یکم لغایت ۷ دسمبر ۱۹۳۳ء حاصل کی تھی۔ اسی سلسلہ میں رخصت پندرہ یوم از ۸ دسمبر ۱۹۳۳ء کی استدعا کی ہے۔ لہذا کل رخصت بائیس یوم از یکم لغایت ۲۲ دسمبر ۱۹۳۳ء بعد رعایتی ایجاد کی گئی ہے۔ جس کا حق نامبردہ کو حاصل ہے۔

حکم

حسب تحریر اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب ۲۲ یوم کی رخصت رعایتی منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط ناظم صاحب حلقہ شمالی

نقشہ اجناس ریاست رامپور بابت ہفتہ چہارم ماہ دسمبر ۱۹۳۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۰۱۲ اار	۱۱ اار		۱۲ اار	۰۱۳ اار	تحصیل بلاسپور و حضور تحصیل کے نقشہ جات وصول نہیں ہوئے
نخود خالص		۰۱۵ اار	۱۵ اار		۰۱۴ اار	۱۶ اار	
نخود کستہ آمیز		۰۱۶ اار	۰۱۵ اار		۱۵ اار	۱۷ اار	
کت		۰۱۷ اار	۱۶ اار		۰۱۶ اار	۱۸ اار	
ماش		۰۹ اار	۰۸ اار		۹ اار	۱۰ اار	
مونگ		۱۱ اار	۱۰ اار		۰	۱۱ اار	
مکا		۲۱ اار	۱۹ اار		۱۸ اار	۲۰ اار	
جئی		۰	۰		۱۶ اار	۲۲ اار	
گوجئی		۰	۰		۱۵ اار	۲۰ اار	
عدسس		۱۳ اار	۰		۱۳ اار	۱۲ اار	
ارہر		۱۳ اار	۰		۱۳ اار	۱۳ اار	
برنج		۱۳ اار ۱۱ اار	۱۱ اار		۱۱ اار	۱۱ اار ۱۲ اار	
روغن زرد		۱۳ چھٹانک	۱۲ چھٹانک		۱۳ چھٹانک	۱۲ چھٹانک	
روغن سیاہ		۰۳ اار ۲ اار	۲ اار		۲ اار	۲ اار دیسی ۳ اار ...	
روغن کنجد		۲ اار	۲ اار		۰۲ اار	۰۲ اار	
نمک سانبھر		۹ اار	۹ اار		۱۰ اار	۰۹ اار	
نمک لاہوری	٭	۷ اار	۶ اار		۰	۸ اار	
قند سیاہ		۰۸ اار	۰۸ اار		۹ اار	۸ اار	
باجرہ		۱۸ اار	۱۷ اار		۱۶ اار	۱۷ اار	